21-5-2018

# بعدالت جناب سیکرٹری صاحب الیکشن کمیشن پاکستان اسلام آباد

## درخواست بمراد: اعتراضات حلقہ PP89 بھکر I

زیرِ الیکشن رولز 09 November, 2017

جناب عالی گزارش حسب ذیل ہے۔

(۱) یہ کہ سائل کا ووٹ سلسلہ نمبر 612 بلاک کوڈ نمبر 141020501 انتخابی حلقہ علاقہ غلاماں 3 حسن والا تحصیل کلورکوٹ ضلع بھکر ہے

(۲) یہ کہ سائل حلقہ کی Delimitaion کی گئی ہے اس میں سائل کے حلقہ جو کہ قریبی تھا شاہ عالم کانگوئی کو تقسیم کیا گیا ہے اور منکیرہ تحصیل کے حلقہ PP91 سے کانگوئی گوہروالا شامل کی گئی ہے جبکہ کلورکوٹ سے کافی دور ہے اور فاصلہ 135 کلومیٹر ہے عوام کی سہولت کو مدنظر نہ رکھا ہے۔

(۳) یہ کہ اگر قوائد کے مطابق Delimitation شمالاً جنوباً ہوتی تو قریبی حلقہ سے آبادی کی کمی پیشی پوری ہو سکتی ہے جیسا کہ نمبر ۴ میں تفصیل دی گئی ہے۔

### (۴) تجویز تبدیلی حلقہ

ا۔ گوہر کانگوئی کو PP89، I بھکر سے نکال کر PP91، II بھکر تحصیل منکیرہ میں شامل کیا جائے۔

ب۔ خانسر کانگوئی کو PP91 سے نکال کر PP90 میں شامل کیا جائے جو کہ دریا خان کے نزدیک ترین ہے اور پہلے سے اس کانگوئی کے پٹوار سرکل چک نمبر I-R-M-K چک نمبر 4 RMK شامل ہیں اب ساری کانگوئی شامل ہونے سے درستی ہو جائے گی اور قانونگو حلقہ ایک ہی صوبائی حلقہ میں آجائے گا۔

ج۔ پٹوار سرکل کا نجن ڈگر اور پٹوار سرکل مائی روشن کو PP90 II بھکر سے نکال کر PP89 I بھکر میں شامل کیا جائے جو کہ نزدیک ترین ہے اور کانگوئی شاہ عالم پہلے سے ہی PP89 کا حصہ ہے اور تحصیل بھی کلورکوٹ ہے فاصلہ تحصیل ہیڈ کوارٹر صرف 10 کلومیٹر ہے جبکہ دریا خان 25 کلومیٹر ہے اور شاہ عالم قانونگو حلقہ اکٹھا ہونے سے ایک ہی صوبائی حلق

PP89 میں آجائے گا جبکہ 1970 سے متعلقہ حلقہ اسی صوابائی حلقہ میں چلا آرہا ہے۔

| PP89 بھکر1 | موجودہ آبادی | اخراج آبادی | شمولیت آبادی | بعداز تبدیلی آبادی |
|---|---|---|---|---|
| PP89 بھکر1 | 4,19,105 | 34,725 | 19,931 | 4,04,311 |
| PP90 بھکر2 | 4,00,678 | 19,931 | 26,963 | 4,07,700 |
| PP91 بھکر3 | 4,11,647 | 26,963 | 34,725 | 4,19,509 |

(٦) یہ کہ تجویز ھائے مذکورہ عنوان بالا کو مدنظر رکھتے ہوئے عوام کی سہولت دیکھی جانی مناسب ہے۔

قوائد وضوابط Delimitation کو مدنظر نہ رکھا ہے۔

لہذا استدعا ہے کہ ضمن نمبر 5 کے مطابق درستی فرمائی جائے اور سائل کی کانگوئی گوہر والا کو PP91 بھکر II تحصیل منکیرہ میں شامل فرمایا جائے۔اور PP89 سے نکالا جائے۔کانجن ڈگر اور مائی روشن کو PP90 سے نکال کر PP89 میں شامل فرمایا جائے۔قرین انصاف ہوگا۔

عرضے

سائل امیر محمد خان [redacted] ولد عزیز احمد خان سکنہ U-C غلاماں حسن خان والا تحصیل کلورکوٹ ضلع بھکر

بذریعہ کونسل

ملک فضل علی پشیہ ایڈووکیٹ

ہائی کورٹ اسلام آباد

رابطہ نمبر۔ 0333-5641125